Quality of radish seed is not up to the standards due to improper and uncertified seed production technology such as seed sowing, harvesting and postharvest treatments. Seed production in radish is a two year work and it is way more difficult than seed production of annual crops. There are usually two methods for seed production in root crops, in situ (seed to seed method) and ex situ or transplanting (root to seed method).

Seed to Seed Method

In seed to seed method, roots are allowed to overwinter and produced seeds in spring in the same field without uprooting them. This system is used for final multiplication stages where inspections of the mature root are not considered necessary. Nearly all commercial market seed is grown using this simple, cheap and less time-consuming method. For rapid germination of seeds and production of tender and attractive roots, the soil should contain plenty of moisture. During flowering and seed development sufficient moisture should be provided. Row spacing of 50-90 cm are used with a sowing rate of 2-3 kg per hectare. Rigorous rouging should be used to raise seed-to-seed crop. Minimum of 3 field inspections should be done at 20-30 days after sowing. Rouging should be done based on the root color, shape, skin color, and flesh color of the root and bolting characters and removed.

Despite of being easy, it can produce seeds of inferior quality because there is no sorting or removal of deformed and forked roots that further leads to mixing of seeds produced from healthy roots with seeds of inferior quality. This method should only be used if the grower knows that the seed lot that they are starting with is of excellent genetic standing with a high degree of uniformity in all of the important phenotypic characteristics.

Root to Seed Method

Radish varieties can only be properly maintained for trueness to type if they are grown using the “root-to-seed method. The root-to-seed method is done by planting biennial seed, removing the resulting plant from the soil, replanting, and harvesting the seed crop the following season. The replanted plant is referred to as a "steckling." It decreases the time required for cultivar development. For steckling preparation, true-to-type roots are selected, tops are cut off in such a way as to leave the small undeveloped leaves together with about 2 cm of the petioles of older leaves. It is the usual practice to cut 1/3rd of the lower root portion. After root and shoot cut, prepared roots (steckling) are transplanted immediately in a well prepared field at a wider spacing (usually 90x15-20 cm), and basically during mid-November to mid-December. Varieties should be isolated at 1000-1600 m distance to produce true to type seeds. Through this method forked, pithed, deformed and misshapen roots are discarded. Usually, seed yield was higher on medium and half root cuts as compared with small root cuts. About 10 kg of Asiatic varieties and 12 kg of temperate varieties seeds are required to plant one hectare of land which provides sufficient steckling. The benefits of checking genetic quality before replanting are important in vegetable seed production to maintain "true-to-type" cultivars. Root to seed method can't be applied in case to European or temperate varieties as they can't withstand the stress of transplantation very well.

In both seed production methods, production of full size edible root remain the same, but handling of these mature roots make a difference. However, in Pakistan, root to seed is a standard method to produce high quality seed because through this technique true to type and healthy roots are selected for replanting as stecklings.

HORTIMAG
Vol. 12 No. 01 | January-June 2023

غذائی اجزاء

زیرے کے بیج میں 8 فیصد نمی، 7 فیصد فائبر، 2.5 تا 5 فیصد تیل (Essential oil) پایا جاتا ہے۔ زیرے کو ذائقہ کے طور پر استعمال کرنے کی بنیادی وجہ اس کا خوشبودار خوردنی تیل ہے۔اس کے تیل میں ہائڈروکاربنز 13 تا 15 فیصد، ایلڈی ہائیڈز (Aldehydes) 50 تا 70 فیصد، الکوحل (Alcohal) 2 تا 5 فیصد اور ایتھر (Ether) تقریباً 1 فیصد پائے جاتے ہیں۔ان مرکبات کی مقدار کا انحصار زیرہ کی قسم اور برداشت کے وقت بیج کی پختگی پر ہوتا ہے۔خاص طور پر ایلڈی ہائیڈز جو کہ سب سے اہم جزو ہے اس کی مقدار کا انحصار ورائٹی، علاقہ اور موسم پر ہوتا ہے۔

اقسام

پاکستان میں زیرہ کی کاشت چاغی، سکردو اور چترال میں ہوتی ہے۔ تاہم پاکستان میں زیرہ کی کوئی منظورشدہ (Approved) قسم نہیں ہے۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کے مختلف علاقوں میں محدود پیمانے پر جو علاقائی اقسام (Land Races) کاشت کی جارہی ہیں ان کو اکٹھا کر کے ان کی پیداواری صلاحیت اور کوالٹی یعنی ان میں تیل کی مقدار کی جانچ پڑتال کی جائے۔اس کے ساتھ ساتھ دنیا کے مختلف ممالک کی اچھی اقسام منگوا کر ان کو بھی پاکستان میں ٹیسٹ کیا جانا چاہیے۔اس حوالے سے انڈیا میں اس کی کافی اقسام موجود ہیں جن میں گجرات زیرہ نمبر 1، 2، 3، 4، RZ-19، RZ-209 اور RZ-233 مشہور ہیں۔

آب وہوا

زیرہ کی کامیاب کاشت کے لیے تین سے چار ماہ سرد موسم (15 تا 25 سینٹی گریڈ)، خشک آب وہوا اور سورج کی براہ راست روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔البتہ بوائی کے وقت درجہ حرارت 24 تا 28 ڈگری سینٹی گریڈ ہو تو اگاؤ اچھا ہوتا ہے۔زیرہ کی فصل کورا پڑنے سے بھی متاثر ہوتی ہے۔خاص طور پر ابتدائی مراحل میں کورا زیادہ نقصان دہ ہے۔اس لیے زیرہ ایسے علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے جہاں کورے کا خطرہ نہ ہو اور موسم خشک ہو۔اچھی پیداوار کے لیے پھول آنے اور بیج بننے کے مراحل پر 15 فروری تا آخر مارچ میں نمی کم ہونی چاہیے ورنہ بیماریاں (پاؤڈری ملڈیو اور بلائیٹ) پھیلنے کا خطرہ ہوتا ہے۔اسی لئے بیج بننے پر بارشیں زیرے کی فصل کو بری طرح متاثر کرتی ہیں۔۔مزید، پھول آنے پر زیادہ درجہ حرارت نقصان دہ ہے۔پنجاب میں نومبر کا مہینہ اس کی کاشت کے لیے موزوں ہے۔پہاڑی علاقوں میں 15 مارچ تا 15 اپریل تک کاشت کیا جاتا ہے۔

زمین کا انتخاب

زیرے کے لیے بہتر نکاسی آب والی زمین کا انتخاب کرنا چاہیے کیونکہ پانی کا زیادہ ٹھراؤ اور زیادہ نمی، خاص طور پر ابتدائی مراحل میں، زیرے کے لیے نقصان دہ ہیں۔بہت زیادہ ریتلی زمینیں بھی اس کی کاشت کیلئے موزوں نہیں ہیں کیوں کہ سوکے (wilt) کی بیماری کا شدت سے حملہ ہوتا ہے جس کی بظاہر وجہ اجزائے صغیرہ کی کمی بتائی جاتی ہے۔

بوائی

بیج کے بہتر شرح اگاؤ کے لیے اس کو 24 گھنٹے پانی میں بھگو دیں اور بعد میں اس کو سایہ دار جگہ پر پھیلا کر خشک کر لیں۔زیرے کو اگاؤ کے لیے 14 تا 28 دن کا وقت درکار ہوتا ہے۔بیج کو تین سے چار ہفتے ریفریجریٹر میں (4 سینٹی گریڈ) پر رکھنے سے اس کا اگاؤ جلد ہوتا ہے اور بیج کی شرح اگاؤ 90% سے زیادہ ہو جاتی ہے۔چھٹا سے کاشت والی فصل کے لیے 6 تا 8 کلوگرام فی ایکڑ جبکہ مشینی کاشت کی صورت میں 4 تا 5 کلوگرام فی ایکڑ بیج درکار ہوتا ہے۔بیج کو آدھ انچ سے زیادہ گہرائی میں نہیں بونا چاہیے۔قطاروں کا فاصلہ 25 تا 30 سینٹی میٹر اور پودے سے پودے کا فاصلہ 12 تا 15 سینٹی میٹر ہونا چاہیے۔

آب پاشی

پانی صحیح مقدار اور صحیح وقت پر لگانا بہت اہمیت رکھتا ہے۔کاشت کے فوراً بعد ہلکا پانی لگائیں۔دوسرا پانی آٹھ دس دن کے بعد لگائیں۔اگاؤ دوسرے پانی کے بعد شروع ہو جاتا ہے۔اگر دن کا درجہ حرارت زیادہ ہو تو تیسرا پانی 4 تا 5 دن کے بعد لگایا جا سکتا ہے تا کہ اگاؤ بہتر ہو سکے اور پہلے سے اگے ہوئے پودوں کی بہتر نشوونما ہو سکے۔اس کے بعد فصل کو پانی 20 تا 30 دن بعد لگایا جا سکتا ہے تا کہ فصل پکنے کے دوران زمین میں نمی برقرار رہے۔فصل پکنے کے دوران پانی نہیں لگانا چاہیے کیونکہ اس سے بیج کی کوالٹی متاثر ہوتی ہے۔اور تیل کی مقدار کم ہو جاتی ہے اور بیماری کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

مخلوط کاشت کاری اور فصلوں کا ہیر پھیر

زمین میں پائی جانے والی کچھ بیماریوں سے بچنے کے لئے فصلوں کا ہیر پھیر کیا جاتا ہے جو کہ دو سے تین سال کے عرصہ کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ایک ہی کھیت میں بار بار کاشت کرنے سے سوکے (wilt) کی بیماری، جسے مرجھاؤ بھی کہتے ہیں، اس کا حملہ شدید ہو جاتا ہے۔زیادہ پانی کی ضرورت رکھنے والی فصلیں، جیسا کہ اسپغول، لوسرن، سرسوں، گندم، جو کہ بلائیٹ کی بیماری کو مدعو کرتی ہیں، ایسی فصلوں کو زیرے کے کھیت کے قریب نہیں لگانا چاہیے۔خاص طور پر سرسوں کی فصل کی کاشت زیرے کے قریب یا مخلوط فصل کے طور پر نہیں لگانا چاہیے کیونکہ یہ خود بلائیٹ کی میزبان فصل ہے۔

کھادوں کا استعمال

گوبر کی گلی سڑی کھاد 4 تا 6 ٹن فی ایکڑ زمین کی تیاری کے دوران ڈالنی چاہیے۔بوائی کے وقت 8 تا 10 کلوگرام فی ایکڑ فاسفورس اور 15 کلوگرام نائٹروجن کھاد کی سفارش کی جاتی ہے اس لئے بوائی کے وقت آدھی بوری ڈی۔اے۔پی ڈالیں۔ابوائی کے ایک ماہ بعد آدھی بوری یوریا ڈالیں۔

جڑی بوٹیوں کی تلفی اور چھدرائی

ابتدائی مراحل میں جڑی بوٹیوں کی تلفی انتہائی ضروری ہے۔پہلی گوڈی فصل کا اگاؤ مکمل ہونے کے دس تا پندرہ دن بعد اور بعد ازاں فصل میں جڑی بوٹیوں کے اگاؤ کو مدنظر رکھ کر کریں۔گوڈی کے ساتھ ساتھ فصل کی چھدرائی بھی ضروری ہے تا کہ پودے صحت مند ہوں۔

بیماریاں

لیف بلائیٹ

اس کی علامات عمومی طور پر پھول آنے پر نمایاں ہوتی ہیں۔اس کے کنٹرول کے لیے میٹالکسل+کلوروتھیلونل یا پائیرا کلوسٹروبن+میٹرم سپرے کریں۔

(بقیہ صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں)

عمل ٹیوبر بننے کے مرحلہ سے ہی شروع ہو جاتا ہے اگرچہ اُس وقت ٹیوبرز زمین میں ہوتے ہیں اور خوابیدگی کا دورانیہ جانچنا نہایت کٹھن ہوتا ہے۔سائنسدانوں نے اس مشکل سے نمٹنے کے لئے ایک ترکیب متعارف کروائی۔اس کے مطابق فصل کی برداشت کے بعد جب 80 فیصد یا اس سے زیادہ ٹیوبرز میں 2 ملی میٹر لمبی کونپلیں نمودار ہو جائیں تو خوابیدگی ٹوٹ جاتی ہے۔آلو کی مختلف اقسام میں خوابیدگی کا دورانیہ مختلف ہوتا ہے۔ یہ ٹیوبرز میں قدرتاً واقع ہوتی ہے۔اگر ٹیوبرز کو کسی تاریک کمرے کی بجائے ،سایہ دار جگہ پر سٹور کیا جائے تو زیادہ مضبوط اور چھوٹی کونپلیں بنتی ہیں۔پودے کے اندرونی ہارمونز کا خاص طور پر خوابیدگی کو شروع کرنے ،اس کو برقرار رکھنے اور بالآخر اس کو توڑنے میں اہم کردار ہے۔آلو کے ٹیوبرز میں ہارمونز کے ساتھ ساتھ محرک اور ذخیرہ شدہ نشاستہ اور لحمیات بھی خوابیدگی کو کنٹرول کرتے ہیں۔ایک تحقیق کے مطابق ایتھیلین ہارمون کا خوابیدگی کو شروع کرنے میں نہایت اہم کردار ہے۔ابسسک ایسڈ کی مستقل موجودگی ٹیوبر کی خوابیدگی کو لمبے عرصے تک بحال رکھنے میں اہم ثابت ہوتی ہے۔جبکہ سائٹوکنن کو خوابیدگی ختم کرنے کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔

پاکستان میں آلو کے بیج کی انڈسٹری کے شعبہ میں ایک سنگین اور نظر انداز ہونے والا پہلو آلو کے ٹیوبر میں طویل عرصہ کے لیے رہنے والی خوابیدگی ہے جو ایک لحاظ سے فائدہ مند ہے اگر ٹیوبر کھانے کے مقصد کے لئے استعمال ہوں اسکے برعکس یہ نقصان دہ ہے اگر ٹیوبر فصل کاشت کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں۔کھانے پکانے والی ورائٹی کے لیے وسیع خوابیدگی کا دورانیہ چاہیے ہوتا ہے تاکہ آلو لمبے عرصہ تک سٹور کیے جا سکیں کیونکہ کونپلیں نکلنے سے آلو کی کوالٹی خراب ہو جاتی ہے جبکہ فصل کاشت کرنے کیلئے خوابیدگی کا دورانیہ مختصر ہونا چاہیئے ۔تاہم خوابیدگی کا دورانیہ قدرتاً 10-8 ہفتوں کا ہوتا ہے اور بڑی حد تک یہ ورائٹی ،فصل کے دوران موسمی حالات اور آلو نکالنے کے بعد سٹوریج کے حالات پہ منحصر ہے۔اس لیے آلو کی پاکستان میں پائی جانیوالی ہر ورائٹی میں خوابیدگی کے رجحان کا معائنہ کرنا ضروری ہے۔اس کے علاوہ مختلف سٹوریج حالات میں خوابیدہ ورائٹی کے طرزِ عمل کو جانچنا بھی بہت اہم ہے۔ کیونکہ ان معلومات کے ذریعے ہم خوابیدگی کا دورانیہ کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔

پاکستان میں کچھ مقامات (پنجاب اور سندھ کے میدانی علاقے) پر آلو کی دو مسلسل فصلیں 3-2 ہفتوں کے ایک مختصر وقت کے فرق سے لگائی جاتی ہیں۔موسم بہار اور موسم خزاں دونوں کی فصلوں کے لئے بیج پچھلی فصلوں سے ذخیرہ شدہ ٹیوبر کے طور پر حاصل کیا جاتا ہے۔ پاکستانی آلو انڈسٹری آلو میں خوابیدگی کیوجہ سے کچھ اور چیلنجز کا بھی شکار ہے مثلاً آلو کی بیماریوں کی تشخیص اور بیج کی تعداد بڑھانے میں رکاوٹ۔نتیجتاً کاشتکار حضرات کو خراب اور بیمار شدہ بیج اور مہنگی فصل جیسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

آلو میں خوابیدگی ختم کرنے کے ذرائع

آلو میں خوابیدگی توڑنے کے لئے مختلف بیرونی ذرائع استعمال کئے جاتے ہیں تاکہ ٹیوبرز کو مختصر وقت میں کارآمد بنایا جا سکے مثال کے طور پر بیماریوں کی تشخیص اور بیج کی مقدار بڑھانے کے عمل میں۔خوابیدگی کو توڑنے کے لئے عام طور پر جو طریقے استعمال ہوتے ہیں ان میں متبادل کم اور زیادہ درجہ حرارت پہ سٹوریج، ہارمونز اور شعاؤں کا استعمال شامل ہے۔بجلی کا مخصوص وولٹیج پر استعمال بھی خوابیدگی کو توڑ سکتا ہے۔پاکستان میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں ابھی اس طریقہ کار پہ تحقیق کی جا رہی ہے۔خوابیدگی دراصل سیل سائکل کے مراحل کے دوران شکر کی ترسیل میں کمی یا رکاوٹ کی وجہ سے ہوتی ہے۔اس لئے سائٹوکنن اور جبرلن دونوں ہارمونز کا یکجا استعمال نہایت مؤثر ہے۔کیونکہ سائٹوکنن ٹیوبر میں پائی جانے والی شکر کی ترسیل کو بحال کرتا ہے اور جبرلن ہارمون اس کی ترسیل کو تیز کرتا ہے جس سے خوابیدگی ختم ہوتی ہے، اس سٹیج پر آلو کو عام طور پہ میٹھا کہا جاتا ہے اور آلو پر کونپلیں بھی جلد ہی نکلنا شروع ہو جاتی ہیں۔ شعائیں بھی اسی لائحہ عمل پر کام کرتی ہیں اور آلو کے ٹیوبر میں پائی جانیوالی شکر کی ترسیل کو بہتر بنا کر خوابیدگی کا دورانیہ کم کر دیتی ہیں۔

مجموئی طور پر خوابیدگی کے عمل کو سمجھنا اور اسے بروئے کار لانا نہایت ہی ضروری ہو چکا ہے، وہ چاہے کھانے کے لیے اس کی سالہا سال دستیابی ممکن بنانا ہو یا بیج کے طور پر اس کی فراہمی یقینی بنانا ہو۔تاہم اوپر دیے گئے مختلف طریقوں کے ذریعے سے آلو میں توڑی گئی خوابیدگی کا بیج سے پودا بننے کی شرح، فصل کی بڑھوتری اور پیداوار پر اثر جانچنے کے لیے مزید تجربات لگانے چاہئیں۔

زیرہ کی کاشت

خرم ضیاف، رب نواز، کریم یار عباسی، محمد عثمان، بلقیس فاطمہ، انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

تعارف اور اہمیت

زیرہ اے پی ایسی (Apiacea) خاندان سے تعلق رکھتا ہے جس کا نباتاتی نام (Cuminum cyminum L.) ہے۔زیرہ مقامی طور پر مصر سے تعلق رکھتا ہے تاہم اب یہ بھارت، شمالی افریقہ، چین اور امریکہ کے علاوہ دنیا کے کئی ممالک میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔اسے ادویات اور کاسمیٹکس میں استعمال کیا جاتا ہے۔کالی مرچ کے بعد دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا مصالحہ زیرہ ہے۔اس کی مخصوص خوشبو کی وجہ سے اسے مصالحوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ہندوستانی طب میں زیرے کا بہت اہم کردار ہے۔زیرے کو زمانہ قدیم سے اگایا جا رہا ہے۔اس کے پودے کی اونچائی 30 تا 45 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔پودا اور تنا شاخ دار ہوتے ہیں۔اس کے پتے 5 تا 10 سینٹی میٹر لمبے اور دھاگے کی طرح باریک ہوتے ہیں۔ پھول چھوٹے سفید یا گلابی اور چھتری نما ہوتے ہیں۔پھل (4 تا 5 ملی میٹر) لمبے ہوتے ہیں جن میں صرف ایک بیج ہوتا ہے۔بیج لمبوترے (6 ملی میٹر) اور بھورے زردی مائل ہوتے ہیں۔

ہوتی ہے کیونکہ کھیل کے دوران دباؤ کی وجہ سے یہ خراب ہوجاتا ہے۔اس کے لیے کپ کٹر کا استعمال کیا جاتا ہے۔کوشش کریں کہ کپ کٹر کو آرام سے چلائیں اور سیدھا رکھ کر زمین میں دبائیں۔زیادہ دباؤ ڈالنے سے سوراخ خراب ہوسکتا ہے۔پرانے سوراخ کو ریت سے بھر دیا جاتا ہے اور اس پر گھاس کا ٹکڑا بچھا دیا جاتا ہے۔خیال رہے کہ پرانے سوراخ میں لگائی گئی گھاس گرین کی سطح کے برابر ہونی چاہیے تاکہ ناہموار سطح گیند کی رفتار پر اثر انداز نہ ہو۔

9. عمومی صفائی: گالف کورس کی عمومی صفائی کی بھی متواتر ضرورت ہوتی ہے جیسا کہ گھاس کی کٹائی کے بعد غیر ضروری کٹی ہوئی گھاس کو اکٹھا کرنا، کپ کی تبدیلی کے بعد بچ جانے والی مٹی کی صفائی اور تھیچنگ (Thatching) کے بعد خشک گھاس اور مٹی وغیرہ کو ٹھکانے لگانا۔علاوہ ازیں موسم خزاں کے دوران خاص طور پر درخت بہت زیادہ پتے گراتے ہیں جنہیں اکٹھا کرنا اور بروقت ٹھکانے لگانا نہایت ضروری ہوتا ہے تاکہ دورانِ کھیل نہ صرف کسی رکاوٹ کا باعث نہ بنیں بلکہ گولف کورس کی خوبصورتی بھی ماند نہ پڑے۔

10. ضرر رساں کیڑے اور بیماریوں کی روک تھام: سفید گرب، بل بگز، چینچ بگز، جھینگر، نیماٹوڈز اور چوہے گالف کورس میں موجود گھاس کو نقصان پہنچاتے ہیں لہٰذا ان کی روک تھام اور تدارک ضروری ہے۔ایسے علاقے جہاں وائلڈ بور بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں ان کی روک تھام بھی ضروری ہے کیونکہ یہ گھاس کی ٹرف کو خراب کرتے ہیں۔ڈالر سپاٹ، براؤن پیچ، فیئری رنگ اور فیوزیریم پیچ وغیرہ زیادہ نقصان دہ بیماریاں ثابت ہوسکتی ہیں لہٰذا ان کی روک تھام ضروری ہے۔

11. جھیلوں کی صفائی: گالف کورس میں موجود جھیلوں کی صفائی کی بھی ضرورت ہوتی ہے تاکہ پانی میں کائی پیدا ہونے سے روکی جاسکے اور پانی صاف ستھرا رہے۔مزید براں جھیلوں میں موجود پانی کو آبپاشی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے تاکہ اس کی کوالٹی برقرار رہے۔

گولف کورس کے لیے درختوں کا انتخاب نہایت اہمیت کا حامل ہے۔پت جھڑ والے درختوں کی بجائے سدا سرسبز رہنے والے درختوں کا انتخاب کرنا چاہیے اور پودوں کا پھیلاؤ کم ہونا چاہیے۔زیادہ پھیلاؤ والے پودوں کی جڑیں زمین میں زیادہ دور تک پھیلتی ہیں جو درختوں کے اردگرد موجود گھاس کی کوالٹی کو خراب کرتی ہیں۔سفیدے کے درخت کے نیچے گھاس نہیں اُگتی لہٰذا اسے گولف کورس میں نہیں لگانا چاہیے۔زیادہ پھیلاؤ والے اور پولن الرجی کا سبب بننے والے پودوں کو گولف کورس میں نہیں لگانا چاہیے۔فیئر وے پر زیادہ جھکے ہوئے پودوں کی وجہ سے کھلاڑی کو سٹروک لگانے اور گیند کو دیکھنے میں دقت پیش آسکتی ہے۔

آلو میں بعد از برداشت خوابیدگی (dormancy) کے مسائل اور انکا حل

ڈاکٹر محمد وسیم حیدر، ڈاکٹر محمد نفیس، ڈاکٹر محمد امین، ڈاکٹر اشتیاق احمد (ڈیپارٹمنٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور)

آلو پاکستان سمیت پوری دنیا میں کاشت کی جانیوالی سبزیات میں اہم فصل ہے۔اسکا ارتقا پیرو سے شروع ہوا جو براعظم جنوبی امریکہ میں واقع ہے۔

آلو کی غذائی اہمیت

آلو ایک اشتہا انگیز، غذائیت بخش اور معاون ہاضمہ خوراک ہے۔ایک اندازے کے مطابق ایک سو گرام آلو میں 80 فیصد پانی، 17 گرام نشاستہ، 2 گرام لحمیات، 10 ملی گرام کیلشیم، 1.5 ملی گرام نکوٹین امائیڈ، 0.7 ملی گرام آئرن، 0.03 ملی گرام وٹامن بی اور اسکے علاوہ وٹامن سی، وٹامن اے اور چکنائی کے اجزاء بھی تھوڑی مقدار میں شامل ہیں۔اس کی اہمیت بڑھتی ہوئی آبادی کے سبب روز بروز بڑھتی جارہی ہے۔

زیر کاشت رقبہ اور پیداوار

ادارہ برائے زراعت و خوراک کے اعداد و شمار کے مطابق 2022ء میں دنیا بھر میں آلو کی سالانہ پیداوار 376.1 ملین ٹن تھی جو 18.1 ملین ہیکٹیئر کے رقبہ پر کاشت کر کے حاصل کی گئی جبکہ پاکستان میں یہ 0.23 ملین ہیکٹیئر پر کاشت کی گئی اور 25.6 ٹن فی ہیکٹیئر کی اوسط سے 5.9 ملین ٹن پیداوار ہوئی۔پاکستان دنیا میں آلو کی پیداوار کے لحاظ سے 13 ویں نمبر اور آلو برآمد کرنیوالے ممالک میں 11 ویں نمبر پر محیط ہے۔پاکستانی آلو کی بین الاقوامی مارکیٹس میں افغانستان، چائنا، ایران، بھارت، ناروے، سعودی عرب اور عرب امارات شامل ہیں۔

آلو میں خوابیدگی کب اور کیوں ہوتی ہے؟ اسکی وجوہات اور خصوصیات

مٹی سے تازہ نکالے گئے ٹیوبرز کو جب فوراً بیج کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے تو وہ موافق حالات کے ہوتے ہوئے بھی نہیں اگتے۔اس کی وجہ آلو کے پودے میں ہونے والے مختلف فعلیاتی عمل ہیں۔اسی دورانیہ کو سائنسی لغت میں ریسٹ (Rest) کہا جاتا ہے اور اس کو خوابیدگی کہنا قطعاً غلط ہے۔جیسے ہی ٹیوبر میں ریسٹ ختم ہوتا ہے آلوؤں میں تب بھی ناموافق موسمی حالات کی وجہ سے کونپلیں/لیونکیں نہیں نکلتی۔اس مرحلہ کو کوئسنس (Quiescence) کہا جاتا ہے۔جیسے ہی موسمی حالات بہتر ہوتے ہیں ٹیوبر میں کونپلیں نکلنا شروع ہوجاتی ہیں۔اس طرح خوابیدگی کو یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ وہ عمل جس میں آلو کے ٹیوبرز میں غیر موزوں فعلیاتی عمل اور ناموافق موسمی حالات دونوں کی وجہ سے کونپلیں نہ نکلیں۔تاہم یہ

ٹورنامنٹ کے دوران رولنگ کی بار بار ضرورت پڑسکتی ہے۔شدید موسمی حالات میں جب کٹائی سے گھاس تناؤ محسوس کرتی ہے تو اس وقت بار بار کٹائی کی بجائے رولنگ کے ذریعے گیند کی رفتار برقرار رکھی جاسکتی ہے۔ٹارگٹ رولنگ کے ذریعے بھی گیند کی رفتار کو بہتر بنایا جاسکتا ہے جس میں صرف سوراخ کے گرد 20 تا30 فٹ دائرے کی رولنگ کی جاتی ہے۔گرین کی رولنگ کے لیے ہلکے رولر استعمال کیے جاتے ہیں تا کہ زیادہ دباؤ پڑنے کی وجہ سے اس کی سطح خراب نہ ہو۔ہلکی رولنگ سے گیند کی رفتار کو 11 فیصد تک بڑھایا جاسکتا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ گیند کی رفتار کم ہوجاتی ہے۔رولنگ کے دوسرے دن گیند کی رفتار عام حالات سے چھ فیصد تک زیادہ ہوسکتی ہے لیکن پہلے دن کی نسبت کم ہوگی۔بعض دفعہ ٹورنامنٹس کے دوران پٹنگ گرین میں لگی ہوئی گھاس کی دن میں دو دفعہ بھی رولنگ کی جاتی ہے تا کہ گیند کی رفتار برقرار رہے۔

3. آبپاشی: گھاس کی بہتر نشوونما کے لیے متواتر آبپاشی اشد ضروری ہوتی ہے تاہم موسمی حالات، زمین کی خصوصیات اور گھاس کی اقسام کے لحاظ سے اس میں کمی بیشی ہوسکتی ہے۔تیار گھاس کو ایک ہفتے کے وقفے سے ایک تا ڈیڑھ انچ آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے تاہم درجہ حرارت میں کمی بیشی سے یہ ضرورت کم یا زیادہ بھی ہوسکتی ہے۔گرم موسمی علاقوں میں مئی اور جون میں بہت زیادہ آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ ان مہینوں میں درجہ حرارت اور روشنی کی شدت زیادہ ہوتی ہے۔ جبکہ دسمبر جنوری میں آبپاشی کی ضرورت بہت کم ہوجاتی ہے۔علاوہ ازیں نئی لگائی گئی گھاس کو زیادہ مقدار میں آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے۔سرد موسم میں پھلنے پھولنے والی گھاس کی اقسام میں پانی کی کمی کو برداشت کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے کیونکہ ان سے بخارات کی شکل میں پانی کا اخراج گرم موسم والی گھاس کی اقسام کی نسبت تیزی سے ہوتا ہے۔ہوا میں نمی کی کمی سے یہ اخراج مزید بڑھ جاتا ہے۔پٹنگ گرین میں آبپاشی کے لیے فواروں کا استعمال کیا جاتا ہے۔یہ طریقہ کھلی آبپاشی سے بہتر ہوتی ہے کیونکہ اس میں گھاس کو ضرورت کے مطابق پانی مہیا کیا جاتا ہے جبکہ کھلی آبپاشی میں پانی کو خشک ہونے کے لیے زیادہ وقت درکار رہوتا ہے۔

4. کھادوں کا استعمال: گھاس کی نشوونما اور صحت کو برقرار کے لیے ضروری ہے کہ مناسب مقدار میں کھادوں کا استعمال کیا جائے۔فوارہ نما آبپاشی کے ذریعے موثر انداز میں گھاس کو غذائی عناصر کی فراہمی کی جاسکتی ہے۔گولف کورس کے ایسے علاقے جہاں کھلی آبپاشی کی جاتی ہے وہاں چھٹے کے ذریعے کھادیں فراہم کی جاسکتی ہیں تاہم اس طریقے کے استعمال سے کھادیں یکساں مقدار میں تقسیم نہیں کی جاسکتی ہیں۔

5. جڑی بوٹیوں کا تدارک: گھاس لگانے سے قبل اگر جڑی بوٹیوں کا مکمل خاتمہ کرلیا جائے تو گھاس کی تیاری کے بعد ان کے پھیلاؤ کے مواقع کم ہوجاتے ہیں۔اگر نہری پانی سے آبپاشی کی جائے تو گھاس میں جڑی بوٹیوں کے بیجوں کے پہنچنے کا امکان خاصا بڑھ جاتا ہے۔اس حوالے سے احتیاط برتنے کی ضرورت ہوتی ہے۔علاوہ ازیں گوبر کی کھاد بھی تیار گھاس میں جڑی بوٹیوں کے بیجوں کو پہنچانے کا ذریعہ ہوسکتی ہے۔لہٰذا اگر گوبر کی کھاد استعمال کرنی ہو تو کھیت میں ڈالنے سے قبل اسے جڑی بوٹیوں کے بیجوں پاک کرلیں۔جڑی بوٹیوں میں زیادہ نقصان دہ ڈیلا، نڑو، مینا، نیلی گھاس، جنگلی ہالوں، ہزار دانی، سوانکی، کھبل، مدھانہ، چھوٹا مدھانہ، چولائی، بلی بوٹی، سنجی، پھولن بوٹی اور کھٹی بوٹی ہیں۔چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیوں کا تدارک باریک پتوں والی جڑی بوٹیوں نسبت آسان ہوتا ہے جبکہ ڈیلے کا تدارک بہت مشکل ہوتا ہے کیونکہ یہ زیرِ زمین گٹھیاں بناتا ہے لہٰذا گھاس کی بوائی سے قبل ڈیلے کا اچھی طرح تدارک کرلینا چاہیے اور بوائی کے لیے جڑی بوٹیوں سے پاک پلانٹنگ میٹریل (گھاس، بیج) استعمال کرنا چاہیے۔چوڑے پتے والی جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لیے بروماکسی نل+ایم سی پی اے (MCPA+Bromoxynil) کا سپرے کیا جاسکتا ہے۔ڈیلے کے تدارک کے لیے جڑی بوٹی مار زہر ایتھاکسی سلفیوران (Ethoxysulphuron) کا سپرے کیا جاسکتا ہے جو کہ مارکیٹ میں 'سن سٹار گولڈ' کے نام سے دستیاب ہے۔علاوہ ازیں ڈیلے کے لیے ہالوسلفیوران (Halosulfuron) بھی موثر ہے جو کہ مارکیٹ میں ہالٹ (Halt) اور آرکس (Orcus) کے نام سے دستیاب ہے۔گھاس کی کاشت سے قبل زمین کی تیاری کے دوران گلائیفوسیٹ (Glyphosate) زہر کے سپرے سے ہر قسم کی جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔

6. خشک گھاس پھونس کی صفائی (Thatch): سطح زمین اور گھاس کی سبز شاخوں کے درمیان جزوی طور پر تحلیل شدہ مادوں اور خشک گھانس پھونس کی ایک تہہ بن جاتی ہے جسے تھیچ (Thatch) کہتے ہیں۔یہ تہہ گھاس کے مختلف حصوں کے گلنے سڑنے سے بنتی ہیں۔نامناسب دیکھ بھال کے باعث اس تہہ میں اضافہ ہوجاتا ہے۔تھیچ کی تہہ کے بڑھنے سے ضرررساں کیڑوں اور بیماریوں کا پھیلاؤ بڑھ سکتا ہے اور گھاس کی کوالٹی بری طرح متاثر ہوتی ہے۔اگر تھیچ کی تہہ بن چکی ہو تو ورٹی کٹنگ (Verti-cutting) اور گرومنگ (Grooming) کے ذریعے گھاس میں بنے ہوئے تھیچ کو ختم یا کم کیا جاسکتا ہے۔

7. ٹاپ ڈریسنگ (Topdressing): کھیل کے دوران مسلسل آمد و رفت اور مشینری کے استعمال کے باعث گھاس کی سطح ہموار نہیں رہتی۔ایسی صورت میں گھاس پر ریت یا بھل وغیرہ ڈال کر ناہموار سطح کو ہموار کیا جاسکتا ہے۔اس عمل کو ٹاپ ڈریسنگ (Topdressing) کہتے ہیں۔اجزائے خوراک کی دستیابی کو بہتر بنانے کے لیے ریت میں کمپوسٹ (Compost) اور کوئی غیر نامیاتی کھاد بھی ملائی جاسکتی ہے۔گھاس کی کوالٹی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اس میں مطلوبہ گھاس کے بیج بھی شامل کیے جاسکتے ہیں۔گرم موسم والی گھاس کی اقسام کی ٹاپ ڈریسنگ موسمِ بہار میں کی جاسکتی ہے جبکہ سرد موسم والی گھاس کی اقسام کی ٹاپ ڈریسنگ کے لیے موزوں وقت موسم خزاں ہے۔

8. کپ کی تبدیلی: پٹنگ گرین میں موجود سوراخ کی جگہ کو وقتاً فوقتاً تبدیل کرنے کی ضرورت

HORTIMAG
Vol. 12 No. 01 | January-June 2023

گالف کورس اور زیبائشی گھاس کی دیکھ بھال

نوید احمد، ڈاکٹر افتخار احمد، ساول جان، انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

گولف دنیا کے کئی ممالک میں کھیلا جانے والا ایک اہم کھیل ہے جس کی ابتداء پندرھویں صدی عیسوی میں سکاٹ لینڈ میں ہوئی۔ سولہویں صدی عیسوی میں یہ کھیل خاصا مشہور ہو چکا تھا اور برطانوی دور میں یہ دوسرے ممالک تک بھی جا پہنچا۔ دنیا کے کئی ممالک کی طرح وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان میں بھی گولف کے کھیل کو پذیرائی حاصل ہوئی اور پوش طبقہ یہ کھیل کھیلنا پسند کرنے لگا جس کے باعث ہے

پاکستان کے بڑے شہروں میں گولف کورس معرض وجود میں آئے جن کی تعداد ایک اندازے کے مطابق بیس سے زائد ہے۔ چونکہ گولف کے میدانوں میں بڑے پیمانے پر گھاس کی ٹرف تیار کی جاتی ہے لہذا اس کی دیکھ بھال کے لیے ایسے ہارٹیکلچرسٹ تعینات کیے جاتے ہیں جنہیں ان گھاسوں کی دیکھ بھال کا تجربہ ہو۔ عام طور پر گولف کورسز اٹھارہ سوراخوں (Holes) پر مشتمل ہوتے ہیں اور رقبہ 100 تا 150 ایکڑ کے درمیان ہوتا ہے۔ کچھ بڑے گولف کورسز چھتیس سوراخوں پر بھی مشتمل ہوتے ہیں جبکہ نو سوراخوں والے گولف کورسز میں گولفر دو بار کھیل کر ایک چکر مکمل کر لیتے ہیں اور آجکل پاکستان اور کئی دوسرے کئی ممالک میں ایسے گولف کے میدان زیادہ ہر دلعزیز ہیں۔

گولف کورس چار اہم حصوں ٹی (Tee)، فیئر وے (Fairway)، رف (Rough) اور گرین (Green) پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر سوراخ پر کھیل ٹی سے شروع ہوتا ہے اور اس کا اختتام گرین پر ہوتا ہے۔ فیئر وے کی لمبائی تقریباً 125 تا 450 گز اور چوڑائی 30 تا 90 گز ہوتی ہے۔ یہ ٹی اور گرین کو جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ رف، فیئر وے کے گرد پھیلا ہوا رقبہ ہوتا ہے اور اس کا مقصد گولفر کو غلط سٹروک لگانے پر سزا دینا ہوتا ہے۔ رف ریریا پر لگائی گئی گھاس کی موٹی کٹائی کی وجہ سے اس ایریا میں گولفر کے لیے کھیلنا مشکل ہوتا ہے۔

گولف کورس میں موجود ریت کے بنکر، درختوں کے جھنڈ اور جھیلیں ایسی رکاوٹیں ہیں جو کھیل میں مشکلات پیدا کرنے اور دلچسپی بڑھانے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ گولف کورس کے معیار کا اندازہ اس کی گرینز کی حالت سے لگایا جا سکتا ہے کیونکہ سب سے اہم کھیل اس علاقے میں کھیلا جاتا ہے۔ لہذا اس علاقے میں موجود گھاس کو صحت مند رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ اس کے لیے گولف سپرنٹنڈنٹ کو خاصی محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ گرین میں موجود گھاس کا سرسبز اور برابر طور پر کٹا ہوا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ گرم علاقوں میں گرین کے لیے برمودا گھاس کی اقسام کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ 18 سوراخوں والے گولف کورس میں گرین کا رقبہ دو سے تین ایکڑ ہوتا ہے جو کہ بیضوی یا دائرہ نما شکل میں ہوتا ہے۔

کسی گولفر کو ایک سوراخ میں گیند ڈالنے کے لیے جتنے سٹروکس کی ضرورت ہوتی ہے اسے پار (PAR) کہتے ہیں۔ گرین تک پہنچنے کے لیے درکار سٹروکس کی تعداد کا اندازہ یہاں سے سوراخ تک فاصلے پر مشتمل ہوتا ہے۔ امریکہ کی گولف ایسوسی ایشن نے پار کی درجہ بندی کے لیے درج ذیل ہدایات دی ہیں۔

نمبر شمار	پار کی تعداد	مردوں کے لیے (فٹ)	عورتوں کے لیے (فٹ)
1	3	750	630
2	4	751 تا 1410	631 تا 1200
3	5	1410 سے زیادہ	1201 سے زیادہ

گالف کورس کی دیکھ بھال کے لیے درج ذیل امور سرانجام دیے جاتے ہیں؛

1. کٹائی (Mowing): گیند کی رفتار کو برقرار رکھنے کے لیے گھاس کی کٹائی کی ضرورت پڑتی ہے۔ گھاس جتنی زیادہ اونچائی سے کاٹی جائے گی گیند کی رفتار اتنی کم ہوگی اور جتنی باریکی سے کاٹی جائے گی اتنی ہی زیادہ یہ تناؤ محسوس کرے گی۔ لہذا پٹنگ گرین کی بروقت اور مناسب اونچائی پر کٹائی بہت ضروری ہے۔ عام طور پر پٹنگ گرین میں موجود گھاس کی کٹائی 2.5 تا 3.1 ملی میٹر کی اونچائی سے کی جاتی ہے۔ فیئر وے کی کٹائی 11 ملی میٹر اور رف کی کٹائی 25 ملی میٹر اونچائی سے کی جاتی ہے۔ اگرچہ بار بار اور باریک کٹائی سے گھاس کی صحت متاثر ہوتی ہے تاہم گیند کی رفتار کو برقرار رکھنے کے لیے کٹائی کا عمل ضروری ہے۔ پٹنگ گرین میں گھاس کی صحت اور گیند کی رفتار کو برقرار رکھنا گالف کورس انچارج کے لیے کسی چیلنج سے کم نہیں ہوتا۔

2. رولنگ (Rolling): رولنگ کے ذریعے گرین ایریا میں گیند کی رفتار کو بڑھایا جا سکتا ہے کیونکہ یہ گرین کی سطح کو متوازی اور مضبوط بناتی ہے۔ پٹنگ گرین کی رفتار برقرار رکھنے کے لیے بالخصوص



Queries/Comments/Advertisements

Dr. Iftikhar Ahmad
Managing Editor, Hortimag
University of Agriculture, Faisalabad

Tel: 041-9201086
Cell: 0334-7416664
Email: hortimag@pshsciences.org